انسانی زندگی کے اہم مسائل اور عصری موضوعات پر مشتمل ہیں۔ مثلاً اسلام اور فلاحی ریاست، اسلام کا معاشی معجزہ، معجزۂ قرآن، صبغۃ اللہ، توبہ کی حقیقت، نفسیات، شاہ ولی اللہ کی مابعد الطبیعیات، عہدِ نبوی میں کتابتِ حدیث، غلامی کا مسئلہ وغیرہ۔

اِن مقالات میں اعلیٰ محققانہ اور عالمانہ اندازِ استدلال اختیار کیا گیا ہے۔ اسلوبِ بیان میں قدیم و جدید رنگ کا حسین امتزاج پایا جاتا ہے۔ اسلام کے خلاف مستشرقین کے پھیلائے ہوئے شکوک و شبہات دُور کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ جدید ذہن کو اپیل کرنے والا دعوتی اور متکلمانہ انداز اپنایا گیا ہے اور یہ ایک مفید اور قابلِ مطالعہ کتاب ہے۔ (رفیق چوہدری)

A BRIEF POLITICAL HISTORY OF AFGHANISTAN.	از جناب عبد الغنی (مرحوم) مرتبہ: عبد الجلیل نجفی۔

ناشر: نجف پبلشرز، فضلِ ربی منزل۔ سوڈی وال سٹاپ، ملتان روڈ، لاہور۔
صفحات: ۹۵۶۔ مجلد قیمت: ۴۴۰/- روپے

جناب عبد الغنی صاحب (مرحوم) کی یہ کتاب ۱۹۳۶ء میں لکھی گئی تھی لیکن مرحوم کی زندگی میں بعض وجوہ کی بنا پر شائع نہ ہو سکی۔ اب پہلی مرتبہ ۱۹۸۹ء میں اشاعت پذیر ہوئی ہے۔

عبد الغنی (مرحوم) کوجرہ گجرات میں پیدا ہوئے اور جنہوں نے برطانیہ میں اعلیٰ تعلیم پائی تھی۔ امیر عبد الرحمٰن والئ افغانستان کی دعوت پر ۱۸۹۱ء میں افغانستان بلا لیا گیا تھا۔ جہاں حکومت ہی کی خواہش پر انہوں نے تعلیمی اصلاحات کیں۔ جدید تعلیمی ادارے اور اسکول کھولے۔ مگر بعض میں کچھ غلط فہمیوں کی بنا پر ۱۹۰۹ء میں انہیں جیل بھیج دیا گیا۔ پھر امان اللہ خاں کے دورِ حکومت میں انہیں ۱۹۱۶ء کو رہا کیا گیا۔ اور پھر ۱۹۲۱ء میں افغانستان کی قانون ساز اسمبلی کا ممبر بنا دیا گیا۔